## پاکستان میں متعین نیوزی لینڈ کے ہائی کمیشنر کا خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی:۔۔۔یکم دسمبر 2010ء

پاکستان میں متعین نیوزی لینڈ کے ہائی کمیشنر (Mr. Brain Sanders) اور کراچی میں متعین قونصل جنرل (Mr. Moin M Fuda) نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی ،معاشی ،اقتصادی صورتحال کے علاوہ خصوصاً کراچی کو درپیش بڑھتی ہوئی مذہبی انتہاء پسندی اور اس میں ملوث مذہبی انتہاء پسند دہشت گرد رہنماؤں کی گرفتاری کے بعد بعض اعلیٰ سیاسی شخصیات کو سیکورٹی فراہم کرنے اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔اس دوران رابطہ کمیٹی کے ارکان نیوزی لینڈ کے سفیر اور قونصل جنرل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں درپیش دہشت گردی جیسی صورتحال پر قابو پانے اور اس کے خاتمے کیلئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ایک دوسرے کیساتھ ملکر کام کرنا ہوگا اور اس کیلئے ٹھوس جامعہ حکمت عملی ترتیب دینا ہوگی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے نیوزی میں حالیہ معدنی کان دتباہ ہونے باعث متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے نیوزی لینڈ کے سفیر اور قونصل جنرل کی نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## آر جی ایس ٹی ٹیکس کا نفاذ غریب عوام کیلئے مشکلات کا باعث ثابت ہوگا،عبدالحسیب
## موجودحالات میں اشیاءخوردونوش کی قیمتیں دگنی ہوگئی ہیں جو عام آدمی کی قیمت خرید اور پہنچ سے دور ہیں
## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے تحت کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی:۔۔۔یکم دسمبر 2010ء

کراچی میں ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے تحت کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب کے علاوہ ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،علاقائی سیکٹر و یونٹس کے کارکنان سمیت ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔عوامی رابطہ مہم سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب نے کہا کہ حکومت کی جانب سے آر جی ایس ٹی ٹیکس کا نفاذ غریب عوام کیلئے مشکلات کا باعث ثابت ہوگا اور ملازمت پیشہ افراد اور عوام کو مزید اضافی خاطر خواہ ٹیکس ادا کرنا پڑے گا جو کہ اس مہنگائی کے دور میں ناممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں اشیاءخوردونوش کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے جو عام آدمی کی قیمت خرید اور پہنچ سے دور ہے اور اب آر جی ایس ٹی کے نفاذ سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا اور عوام کی دسترس باہر ہو جائے گا۔لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ وہ آر جی ایس ٹی ٹیکس کے حوالے سے ایوان میں پیش کردہ بل پر نظر ثانی کرے اور عوام کی خواہشات وامنگوں کے مطابق فیصلے کرے اگر ایسا نہ ہوا تو پھر کراچی سمیت ملک بھر کے عوام اس بل کے کیخلاف سراپا احتجاج ہونگے۔اس موقع پر شرکاء نے ایم کیوایم کی جانب سے آر جی ایس ٹی ٹیکس کیخلاف دونوں ایوانوں میں جراتمندانہ اور اصولی مئوقف اختیار کرنے کے اقدام کو زبردست انداز میں سراہاتے ہوئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## سن چیریٹی یوایس اے کی جانب سے Thanksgiving کے موقع پر تقریب کا انعقاد

میری لینڈ: یکم دسمبر 2010ء

سن چیریٹی یوایس اے کے ایک اعلامیے کے مطابق سن چیریٹی یوایس اے نے Thanksgiving Day کے موقع پر میری لینڈ میں Harford Family House جو کہ یتیم اور مسکین لوگوں کی گزشتہ کئی برسوں سے دکھی انسانیت کیلئے اپنی خدمات پیش کر رہا ہے۔اس سلسلے میں سن چیریٹی یوایس اے کے زیراہتمام مقامی چرچ میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں SUN کے ذمہ داران ورضا کاروں،Harford Family House میں پناہ لینے والے خاندانوں کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر سن چیریٹی یوایس اے میری لینڈ کی کوآرڈینیٹر محترمہ فرحین رضوی اور جناب متین یوسف اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ SUN کا ادارہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تعاون سے ملک بھر کے غریب و مستحق،نادروں،مساکین،یتیم اور دیگر افراد کیلئے بلا رنگ و نسل خدمات انجام دے رہا ہے جس کا سلسلہ تاحال جاری ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب زدگان کیلئے جس انداز میں SUN کے عہدیدار و رضا کاروں نے دن رات محنت و لگن سے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔اس دوران سن چیریٹی یوایس اے کے میری لینڈ کے ذمہ داران نے Harford Family House کے منتظمین Patricia Thompson اور سید عامر کا سن چیریٹی یوایس اے کی مستحقین امداد فراہم کرنے پر ان کے ساتھ تعاون کرنے پر انکا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت کے طور پر کررہی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان

## الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ہی ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی عناصر سے نجات کا واحد ذریعہ ہے

## انقلابی تحریکوں میں ثمر بے پناہ قربانیوں کے بعد ملتا ہے اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں لازوال قربانیاں شامل ہیں

## ایم کیوایم لاہور زون آفس میں زونل کمیٹی کے ارکان و کارکنان کے اجلاس سے خطاب

لاہور۔۔۔1 دسمبر 2010ء

ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کو عملی جامہ پہنانے کی جدوجہد کررہی ہے تاکہ ملک کے غریب و مظلوم 98 فیصد عوام کو ان کے جائز حقوق دلائے جائے اور ملک میں غریب متوسط طبقہ کی حکمرانی ہو اور یہ اسی صورت میں ممکن ہوسکتا کہ جب ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کا خاتمہ ہو۔ یہ بات ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے گزشتہ روز ایم کیوایم لاہور زون آفس میں زونل کمیٹی کے ارکان و کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر قائم خانی، رکن اظہار احمد خان، لاہور زون کے انچارج شاہین گیلانی، جوائنٹ انچارج مبین قاضی ایڈوکیٹ، اراکین زونل کمیٹی، ڈسٹرک کمیٹی، اے پی ایم ایس اور پنجاب کے مختلف شعبہ جات کے ارکان بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ یم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کا عملی مظاہرہ بھی کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی غریب و متوسط طبقے کے حقوق کا صرف نعرہ ہی بلند نہیں کیا ہے بلکہ اس کیلئے عملی جدوجہد بھی کی ہے جس کا ثبوت ملک کے منتخب ایوانوں میں جانے والا ہر حق پرست نمائندہ عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہے اور جناب الطاف حسین کی ہی ہدایت کی روشنی میں ہر منتخب نمائندہ بلاتفریق و نسل اور زبان عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بھی ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ تیزی کے ساتھ پھیل چکا ہے اور جس طرح حق پرستی کا سورج طلوع ہورہا ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کے پنجاب کی غیور عوام بھی قائد تحریک کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہوکر نہ صرف متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں اور اس بات کو اچھی طرح سمجھ رہے ہیں کہ جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ہی ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی عناصر اور فرسودہ نظام سے منسلک جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں سے نجات کا واحد ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انقلابی تحریکوں میں ثمر بے پناہ قربانیوں کے بعد ہی ملتا ہے اور ایم کیوایم کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے جس طرح لازوال قربانیاں دے کر ملک حاصل کیا تھا اسی طرح قربانیاں دے کر نہ صرف ملک کو بچائیں گے بلکہ فرانس اور ایران کے طرز کا انقلاب بھی لائیں گے تاکہ ملک سے جاگیردار اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہو اور ملک میں متوسط طبقہ کی حکمرانی رائج ہو۔ افتخار اکبر رندھاوا اور سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیوایم کسی کے خلاف نہیں اور وہ تمام اکائیوں، قومیتوں کا احترام کرتی اگر ایم کیوایم خلاف ہے تو ان جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور سرمایا داروں کے خلاف ہے جنہوں نے ملک کی دولت کو لوٹا ہے ۔

## ممتاز صحافی عثمان اجمیری کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔یکم دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نے حیدرآباد کے ممتاز صحافی عثمان اجمیری کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب االطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردو میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔یکم دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے شہید کارکن تحسین ہلال کے والد محمد ہلال شمسی، شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن فضل انصاری کے والد جمشید انصاری اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن شفیق خان کی ہمشیرہ محترمہ عشرت جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان مین رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## دن ٹی وی چینل کراچی کے کیمرہ مین محمد ارشد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ افسوس

کراچی:۔۔۔یکم دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے دن ٹی وی چینل کراچی کے کیمرہ مین محمد ارشد کے انتقال پر دلی فسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد ارشد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆